باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی

مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد: 24 | اتوار 02 ربیع الاوّل 1448ھ 16 اگست 2026ء | شمارہ: 180

https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کنیاتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے، تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



جشن آزادی کا چراغاں ریلیاں فضا نغموں سے گونجتی رہی

شہر کے مختلف مقامات پر شاندار آتش بازی، دن بھر شہریوں کی بڑی تعداد سڑکوں پر نکلی، گھروں، دکانوں اور کاروباری مراکز پر بھی قومی پرچم لہراتے رہے

مساجد میں ملکی سلامتی اور خوشحالی کے لیے دعائیں، یوم آزادی کی تقریبات میں پرچم کشائی، ملی نغموں، کیک کاٹنے اور بچوں کے مختلف پروگراموں کا اہتمام

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر قائد میں پاکستان کا 79 واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے اور قومی جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ یوم آزادی کے موقع پر شہر کی سرکاری و نجی عمارتیں، شاہراہیں، بازار اور اہم مقامات سبز ہلالی پرچموں اور جھنڈیوں سے سجائی گئی تھیں جبکہ مختلف علاقوں میں چراغاں آتش بازی، ریلیوں اور جشنِ آزادی کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ رات 12 بجتے ہی شہر کے مختلف علاقوں میں جشن آزادی کا آغاز ہو گیا تھا۔ کراچی کے مختلف مقامات پر آتش بازی کی گئی اور شہریوں کی بڑی تعداد سڑکوں پر نکل آئی تھی۔ فضا پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر

گورنر ہاؤس سندھ میں جشنِ آزادی کی مناسبت سے شاندار تقریب

محمد نہال ہاشمی نے تمام شرکاء کو جشن آزادی کی مبارکباد پیش کی قونصل جنرلز کی کثیر تعداد شریک

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر ہاؤس سندھ میں جشنِ آزادی پاکستان کی مناسبت سے ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے معزز مہمانانِ گرامی کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب میں مختلف ممالک کے قونصل جنرلز، سفارتی نمائندگان، سیاسی و سماجی شخصیات، فنکاروں، معروف شخصیات اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

میرا مقصد کسی دوسرے ڈاکٹر کی پوسٹنگ یا ترقی میں رکاوٹ بننا نہیں، ڈاکٹر نگہت شاہ

میری کنٹریکٹ بنیادوں پر ملازمت میں توسیع ہوئی، کسی پروفیسر کی پوسٹنگ متاثر نہیں ہو رہی: سربراہ

کراچی (این این آئی) سربراہ شعبہ زچہ و بچہ جناح اسپتال پروفیسر ڈاکٹر نگہت شاہ نے کہا ہے کہ گائنا کالوجی میں میری کنٹریکٹ کی بنیادوں پر ملازمت میں توسیع ہوئی ہے تاہم اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

نیا ناظم آباد جمخانہ میں یومِ آزادی ٹینس ٹورنامنٹ، 117 کھلاڑیوں کی شرکت

کراچی (این این آئی) پاکستان کے 79 ویں یومِ آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں نیا ناظم آباد جمخانہ میں ایک روزہ ٹینس ٹورنامنٹ منعقد ہوا، جس میں مختلف عمر اور صلاحیتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ملک میں سونے کی قیمت میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی

کراچی (این این آئی) ملک میں سونے کی قیمت میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 500 روپے کمی کے بعد ملک میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: رواں ہفتے 100 انڈیکس کی بلند ترین سطح 182347 رہی

100 انڈیکس کی ہفتہ وار بلند ترین سطح 1 لاکھ 82 ہزار 347 جبکہ کم ترین سطح 1 لاکھ 79 ہزار 778 رہی

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی گزشتہ 1 ہفتے کی کارکردگی سامنے آگئی۔ اس ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 1 ہزار 325 پوائنٹس کی کمی سے 1 لاکھ 80 ہزار 104 پر بند ہوا۔ اس کاروباری ہفتے میں 100 انڈیکس 2568 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا۔ 100 انڈیکس کی ہفتہ وار بلند ترین سطح 1 لاکھ 82 ہزار 347 جبکہ کم ترین سطح 1 لاکھ 79 ہزار 778 رہی۔ حصص بازار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

وزیراعظم نے مکہ معاہدے سے آگاہ کیا، صدر نے سعودی عرب اور ترکیہ کیساتھ برادرانہ تعلقات کو شراکت داری میں ڈھالنے پر شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں کو سراہا اشیا کی بلا تعطل، مناسب نرخوں پر فراہمی کیلئے اقدامات کریں، صدر کی ہدایت

شہباز زرداری ملاقات، صدر کا عوام کو ریلیف فراہم کرنے پر زور

ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ و انسداد منشیات سید حسن رضا نقوی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور سینیٹر شیری رحمان بھی موجود تھے، مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمیں اپنی بہادر افواج پر فخر ہے، پاکستان اپنے دفاع اور آبی وسائل سمیت قومی مفادات کے تحفظ کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گا۔ آج پاکستان اقوام عالم میں ایک مضبوط پرعزم، باوقار اور امن کی توانا آواز کے طور پہچانا جاتا ہے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے صدر آصف علی زرداری سے ایوان صدر میں ملاقات کی، وزیراعظم نے صدر مملکت کو یوم آزادی کی مبارکباد دی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ و انسداد منشیات سید حسن رضا نقوی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور سینیٹر شیری رحمان بھی موجود تھے، صدر اور وزیراعظم نے داخلی اور خارجی امور سمیت فتہ الہندوستان اور فقہ الخوارج کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

1172 اہلکاروں کو فوجی اعزازات، 355 افراد کو سول ایوارڈز دینے کی منظوری

اسحاق ڈار، محسن نقوی بھی شامل

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر، اے پی پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مسلح افواج، سول آرمڈ فورسز کے 1172 اہلکاروں کو فوجی اعزازات اور 355 افراد کو سول ایوارڈز دینے کی منظوری دے دی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مصطفیٰ عامر قتل کیس؛ 5 مقدمات میں ملزمان کیخلاف فرد جرم کی تاریخ مقرر

عدالت نے مصطفیٰ عامر قتل کیس سیشن عدالت منتقل کرنے کے لیے ملزم کی درخواست مسترد

کراچی (این این آئی) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں عدالت نے 5 مقدمات میں ملزمان کے خلاف فرد جرم کی تاریخ مقرر کردی۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں مصطفیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سندھ میں فلم 'گھوسٹ اسکول' کی نمائش کا معاملہ، سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر

عدالت نے درخواست پر سندھ حکومت اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 21 اگست تک جواب طلب

کراچی (این این آئی) فلم 'گھوسٹ اسکول' کو سندھ میں نمائش کی اجازت نہ دینے کے خلاف فلم سازوں نے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔ عدالت نے درخواست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

منشیات ڈیلر انمول پنکی کی مقدمات سے بریت چیلنج کرنے کا فیصلہ

نہ ملزمہ پر فرد جرم عائد ہوئی ہے اور نہ ہی کسی گواہ کا بیان ریکارڈ کیا گیا ہے،

کراچی (این این آئی) منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کی 3 مقدمات میں بریت کے فیصلے کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ اس حوالے سے پراسیکیوشن نے فیصلے کی تصدیق شدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کراچی: ملیر سے ملی بوریوں میں بند ٹکڑے ہوئی لاش کس کی ہے؟ شناخت نہ ہوسکی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر سے بوریوں میں بند ٹکڑوں میں ملنے والی لاش کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اتحاد تحفظ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام یومِ آزادی کی شاندار تقریب

کراچی (این این آئی) اتحاد تحفظ فاؤنڈیشن کے چیئرمین محمود حسین باجوا کی جانب سے جشنِ آزادی کے موقع پر ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سانحہ گل پلازہ کیس، چالان پیش نہ ہوسکا، ملزمان کی عبوری ضمانت میں توسیع

کراچی (این این آئی) سٹی کورٹ میں سانحہ گل پلازہ کیس کی سماعت ہوئی، جہاں تنویر پاستا اور دیگر ملزمان عدالت میں پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

استنبول اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سردار طاہر محمود پاک ترک بزنس فورم کے عہدیدار عادل سمیع کے ہمراہ پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر طارق ایوب سابق صدر محمد اعجاز عباسی کونسل ممبر چوہدری مسعود سابق سینئر نائب صدر خالد چوہدری اور ترک کاروباری شخصیات بھی موجود ہیں۔

ICCI وفد ترک کاروباری رہنماؤں کی 79 ویں جشن آزادی تقریب

پاک ترک دوستی کو مضبوط اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنا ہوگا: سردار طاہر محمود کا استنبول میں خطاب

پوری قوم اپنی مسلح افواج کی ان قربانیوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے، ملک میں امن و استحکام ہی معاشی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے

استنبول (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود کی قیادت میں آئی سی سی آئی کے وفد نے استنبول میں ترک کاروباری رہنماؤں کے ہمراہ پاکستان کا 79 واں یوم آزادی منایا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے وفود نے مشترکہ طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سندھ لائیو اسٹاک رجسٹریشن اتھارٹی کو فعال بنانے کا فیصلہ

ٹیکنگ وٹریس ایبلٹی منصوبہ دوبارہ شروع ہوگا، منصوبے کے تحت مویشیوں کی شناخت، نقل و حرکت اور ریکارڈ کو جدید نظام کے ذریعے منظم کیا جائے گا، محمد علی ملکانی کا اجلاس سے خطاب

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز سندھ محمد علی ملکانی کی زیر صدارت سندھ لائیو اسٹاک رجسٹریشن اینڈ ٹریڈ اتھارٹی کے بورڈ آف مینجمنٹ کا اہم اجلاس سندھ انسٹیٹیوٹ آف اینیمل ہیلتھ (SIAH) کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری لائیو اسٹاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ایسی نمائشوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت، ریحان حنیف

مستقبل میں بھی ایسے ایونٹس کی بھرپور حمایت کی جائے تاکہ مقامی صنعت، کاروبار اور ملکی معیشت کو مزید ترقی دی جاسکے، فرنیچر ٹریڈ شو کی اختتامی تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) ایکسپو سینٹر کراچی میں منعقد ہونے والے پاکستان فرسٹ فرنیچر ٹریڈ شو 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ریحان حنیف نے کہا کہ پاکستان میں کاروباری اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مال بردار ٹرانسپورٹ کی ہڑتال، روئی کا کاروبار شدید متاثر

ٹرانسپورٹ ہڑتال سے جنرز اور ٹیکسٹائل ملز پریشان، برآمدی مال بھی پھنس گیا، حکومت اور ٹرانسپورٹرز کے مذاکرات تاحال ناکام

وفاقی وزیر حلیم خان نے عندیہ دیا ہے کہ مذاکرات پیر 17 اگست کو ہوں گے ہڑتال جاری رہنے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) مقامی کاٹن مارکیٹ میں مال بردار ٹرانسپورٹ کی طویل پہیہ جام ہڑتال کے باعث روئی کا کاروبار شدید متاثر ہو رہا ہے، جبکہ جنرز اور ٹیکسٹائل ملز کو بھی مشکلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستانی مصنوعات کسی طور کم نہیں، حکومتی پالیسیوں کی درستگی ناگزیر

حافظ نعیم

میرا برانڈ پاکستان محض ایک نمائش نہیں بلکہ نظریہ ہے، نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع دینا ہونگے، فہیم الرحمٰن سہگل

مشتاق احمد مانگٹ، خالد عثمان، سہیل عزیز، عاصم سنجرانی، شیخ تنویر احمد اور اعجاز تنویر کا بھی اظہار خیال، نمائش نومبر میں اسلام آباد میں منعقد ہوگی

لاہور (بزنس رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ میرا برانڈ پاکستان محض ایک نمائش نہیں بلکہ ایک نظریہ ہے، پاکستانی مصنوعات کسی بھی لحاظ سے دنیا کی مصنوعات سے پیچھے نہیں، ضرورت صرف پالیسیوں کو درست کرنے، صنعتوں کو سہولیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم ایکسپو سینٹر میں میرا برانڈ پاکستان نمائش کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل بھی ہمراہ موجود ہیں

قائداعظم کی اسٹیٹ بینک سے وابستہ توقعات آج بھی مشعل راہ ہیں، جمیل احمد

مؤثر مالی و زری پالیسیوں اور بہتر بیرونی کھاتوں سے معیشت کی بنیادیں مزید مضبوط ہوتی ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک

آزادی کی حقیقی روح معاشی خود انحصاری، مضبوط اداروں، قانون کی پاسداری اور قومی یکجہتی میں مضمر ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ آزادی صرف جشن منانے کا دن نہیں بلکہ ماضی کو یاد کرنے اور مستقبل کے عزم کی تجدید کا موقع ہے، لاکھوں افراد کی قربانیوں نے ہمیں آزاد ملک کے ساتھ اسے ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھنے کی ذمے داری بھی دی ہے، وہ یوم آزادی کے موقع پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ قائداعظم کی جانب سے اسٹیٹ بینک سے وابستہ توقعات آج بھی ہمارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

سچل گوٹھ کے گرلز ہائی اسکول میں جشنِ آزادی کی پروقار تقریب

ملی نغموں، تقاریر اور مختلف سرگرمیوں میں طلبہ کی بھرپور شرکت، بچوں نے وطن سے محبت کا اظہار کیا

کراچی (این این آئی) گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول | سنگل سیکشن، سچل گوٹھ، ضلع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کراچی: پاکستان فرسٹ فرنیچر ٹریڈ شو 2026 کی اختتامی تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر ریحان حنیف کو پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین رانا وحید گلدستہ پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر راشد انصاری بھی موجود ہیں

گورنر سندھ چیف اسکاؤٹ سندھ کا حلف اٹھا لیا

نہال ہاشمی نے کہا کہ اسکاؤٹنگ نوجوانوں میں حب الوطنی، نظم و ضبط، خدمتِ خلق اور قومی ذمہ داری کا شعور اجاگر کرنے کا اہم ذریعہ ہے

تقریب میں صدیق میمن، ڈاکٹر سید سیف الرحمٰن، لیفٹیننٹ کرنل سکندر ترین، فیصل فاروقی اور دیگر شخصیات بھی موجود، پودا لگا کر شجرکاری مہم میں بھی حصہ لیا

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے چیف اسکاؤٹ سندھ کا حلف اٹھا لیا۔ صوبائی اسکاؤٹ کمشنر جسٹس (ر) حسن فیروز نے گورنر سندھ سے چیف اسکاؤٹ سندھ کے عہدے کا حلف لیا۔ چیف اسکاؤٹ سندھ کا حلف اٹھانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

میر رضا کے قتل کی گتھی سلجھانے کے لیے تفتیش اب مقتول کی موبائل سم تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) نوجوان تاجر میر رضا کے قتل کی گتھی سلجھانے کے لیے تفتیش اب مقتول کی موبائل سم تک پہنچ گئی ہے۔ اہم اور ہائی پروفائل مقدمے کے تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا ہے کہ اس کیس کو مزید آگے بڑھانے کے لیے میر رضا کی سم کا حصول ضروری ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

بینک چیکس میں ردوبدل کے ذریعے لاکھوں روپے کے فراڈ کا انکشاف

حیدرآباد (این این آئی) بینک چیکس میں ردوبدل کے ذریعے لاکھوں روپے کے فراڈ کا انکشاف سامنے آیا تاہم چیکس نمبرز میں ردوبدل سے رقم نکلوانے پر دو بینک ملازمین کیخلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) حیدرآباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کیٹی بندر کو جدید سمندری بندرگاہ بنانے کا منصوبہ، پی پی ماڈل جلد تیار کرنے کی ہدایت

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا کیٹی بندر کو بحری، لاجسٹکس، صنعتی اور توانائی کا مرکز بنانے کا عزم، منصوبے میں 2.5 ارب ڈالر تک سرمایہ کاری کی گنجائش

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کے مطابق کیٹی بندر کو جدید گہرے سمندر کی بندرگاہ اور تجارتی مرکز بنانے کے لیے محکمہ سرمایہ کاری کو جامع سرمایہ کاری پر مبنی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل جلد تیار کرنے کی ہدایت کردی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

جماعت اسلامی کے تحت گلستان جوہر میں آزادی فیسٹیول، ہزاروں افراد کی شرکت

بچوں کے درمیان ٹیبلوز، ملی نغمے، قرات سمیت دیگر مقابلوں کرائے اور میجک شو کا اہتمام کیا گیا، اسٹالز لگائے گئے

آزادی بہت بڑی نعمت ہے قدر کی جائے: ٹاؤن چیئرمین ڈاکٹر فواد، ملک کی مسائل مل کر حل کریں گے: محمد فاروق ناظم علاقہ

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی کے تحت گلستان جوہر بلاک 7 کے رحمانیہ پارک میں آزادی فیسٹیول 2026 کا اہتمام کیا گیا جس میں خواتین اور بچوں سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

میر رضا کے پارٹنر کی درخواست ضمانت کی سماعت 24 اگست تک ملتوی

آپ اس میں ملزم تو نہیں تھے، پھر ضمانت کیوں لی؟ جب تک تفتیش جاری ہے، آپ شہر سے باہر نہیں جاسکتے، عدالت

کراچی (این این آئی) نوجوان تاجر میر رضا کے قتل کیس میں پارٹنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

وکلاء کے اجتماعی مسائل کے حل اور بار کی خودمختاری کیلئے کردار ادا کرونگا، حسنین علی چوہان

نوجوان وکلاء کی فلاح، بہتر سہولیات اور بار و بینچ کے مؤثر رابطے کو ترجیح بنائیں گے

وکلاء برادری میرٹ، صلاحیت اور خدمت کے جذبے کو مدنظر رکھتے ہوئے ووٹ دے، ایڈووکیٹ



کراچی (بزنس رپورٹر) پی ٹی آئی انصاف لائرز فورم کراچی کے سینئر رہنما اور معروف قانوندان ایڈووکیٹ حسنین علی چوہان نے کراچی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے 2026-27 میں جوائنٹ سیکریٹری کے امیدوار کی حیثیت سے وکلاء برادری سے بھرپور حمایت اور ووٹ کی اپیل کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں ایڈووکیٹ حسنین علی چوہان نے کہا کہ کراچی بار کے انتخابات وکلاء برادری کے مستقبل، بار کی خودمختاری اور قانون کی بالادستی کے حوالے سے انتہائی اہم ہیں۔ وکلاء کو ایسے امیدواروں کا انتخاب کرنا چاہیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ڈیفنس میں پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں ڈاکو ہلاک، اسلحہ برآمد

ہلاک دہشت گرد کا ساتھی موقع سے فرار ہوا جبکہ اسلحہ، موبائل اور پرس برآمد ہوا ہے، ایس ایچ او ڈیفنس اشرف جوگی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے | ڈیفنس فیز 2 ایکسٹینشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کو چیف اسکاؤٹس سندھ کی تقریب حلف برادری میں صوبائی اسکاؤٹ کمشنر جسٹس (ر) حسن فیروز شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سابق چیف سیکریٹری سندھ صدیق میمن، پرنسپل سیکریٹری ڈاکٹر سید سیف الرحمٰن اور دیگر بھی موجود ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ "قوم کی آواز" کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

پہلی نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی۔۔۔!

وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کی پہلی نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کا اعلان کردیا ہے جس کے مطابق تمام لیبر فورس میں خواتین کے لئے 35 فیصد کوٹا لازمی ہوگا، 10 فیصد نوجوانوں کو سٹارٹ اپ کے لئے مالی مدد فراہم کی جائے گی، طلباء کو مزید ڈھائی لاکھ ''کروم بکس'' دی جائیں گی۔ اِس کے ساتھ ساتھ مزید ایک ہزار طلبا کو انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی تربیت کے لئے چین بھیجا جائے گا۔ اقوامِ متحدہ کے زیراہتمام دنیا بھر میں منائے جانے والے ''نوجوانوں کے عالمی دن'' کے موقع پر اسلام آباد میں منعقدہ تقریب کے دوران وزیراعظم کی طرف سے اِس پالیسی کا باقاعدہ اعلان اور تعلیمی مساوات کے حوالے سے اہم اقدامات کا عزم پاکستان کی مجموعی قومی ترقی کی سمت ایک مناسب قدم ہے۔ پاکستان کی آبادی کا 60 فیصد سے زائد حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ کسی بھی قوم کی حقیقی طاقت اُس کا بنیادی ڈھانچہ قدرتی وسائل نہیں بلکہ اُس کے شباب کی توانائی، سوچ اور علمی صلاحیت ہوتی ہے۔ ایسے میں ایک جامع، متوازن اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ یوتھ پالیسی وقت کی اہم ضرورت تھی اور یہ ملکی معیشت کی پائیدار بحالی میں بھی کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے۔ اِس پالیسی کے خدوخال پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ حکومت نے صرف وقتی ریلیف یا دلاسوں کے بجائے نوجوانوں کو خود کفیل بنانے اور اُن کے لئے روزگار کے پائیدار ذرائع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ لیبر فورس میں خواتین کے لئے 35 فیصد کوٹہ لازمی قرار دینا بھی انقلاب آفریں قدم ثابت ہوسکتا ہے۔ پاکستان کی مجموعی آبادی کا قریباً نصف حصہ خواتین پر مشتمل ہے تاہم ماضی میں صنفی عدم مساوات اور روایتی رکاوٹوں کے باعث اِن کی ایک بڑی تعداد اقتصادی دھارے سے باہر رہی۔ لیبر فورس میں ایک تہائی سے زائد خواتین کی 35 فیصد لازمی شمولیت سے نہ صرف خاندانوں کی معاشی حالت میں بہتری آئے گی بلکہ مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں بھی خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے گا۔ اِسی طرح ''کاروباری ذہنیت'' کو فروغ دینے کیلئے 10 فیصد نوجوانوں کو سٹارٹ اپس کے لئے مالی امداد فراہم کرنے کا فیصلہ بھی مدبرانہ سوچ کو ظاہر کرتا ہے کیونکہ موجودہ دور ملازمتیں مانگنے کا نہیں بلکہ ملازمتیں پیدا کرنے کا ہے۔ ہمارے ہاں ڈگری یافتہ اور باصلاحیت نوجوانوں کے پاس نئے اور تعمیری خیالات کی تو کمی نہیں لیکن ابتدائی سرمایہ نہ ہونے کی وجہ سے اُن کی صلاحیتیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ سٹارٹ اَپ کوٹہ اور مالی تعاون سے نچلی سطح پر تجارتی سرگرمیاں تیز ہوں گی، نجی شعبہ مضبوط ہوگا اور ملک میں اختراع و تکنیکی جدت کی نئی لہر جنم لے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب کے دوران ''کروم بکس'' کی تقسیم کا ذکر کرتے ہوئے اِس عزم کو دہرایا کہ اِس سال مزید ڈھائی لاکھ طلبہ وطالبات میں میرٹ کی بنیاد پر یہ جدید ڈیوائسز تقسیم کی جائیں گی۔ ماضی میں اگرچہ لیپ ٹاپ سکیم کو سیاسی تنقید کا نشانہ بھی بنایا جاتا رہا لیکن اِس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ آج کی ڈیجیٹل دنیا میں لیپ ٹاپ یا ''کروم بک'' صرف ایک ''مشین'' نہیں بلکہ علم، فری لانسنگ اور بین الاقوامی مارکیٹ سے رابطے کا ذریعہ ہیں۔

جیکب آباد کو سیپکو کا 'جشنِ آزادی' پر انوکھا تحفہ! لوڈشیڈنگ میں 2 گھنٹے کا اضافہ؛ 12 سے 18 گھنٹے کا ظالمانہ شیڈول جاری، عوام کا شدید احتجاج

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد کو سیپکو کا 'جشنِ آزادی' پر انوکھا تحفہ! لوڈشیڈنگ میں 2 گھنٹے کا اضافہ؛ 12 سے 18 گھنٹے کا ظالمانہ شیڈول جاری، عوام کا شدید احتجاج! سٹی ٹو، شاہ لطیف اور شہباز فیڈر پر صرف 4 گھنٹے بجلی دینے کا اعلان؛ 50 ڈگری کی تپش اور حبس میں قوم کو تڑپا دیا گیا، بااثر چوروں کو 4، 4 فیڈرز سے بلاتعطل سپلائی، بل ادا کرنے والے پرائیویٹ صارفین پر عذاب! وزیراعظم شہباز شریف سے ہنگامی نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں ایک طرف جہاں پورا ملک 14 اگست کو آزادی کا جشن منا رہا ہے، وہیں سکھر الیکٹرک پاور کمپنی نے جیکب آباد کے شہریوں پر ظلم کا نیا پہاڑ توڑ دیا ہے۔ سیپکو حکام نے معصوم شہریوں کو شدید گرمی میں ریلیف دینے کے بجائے جشنِ آزادی کا 'تحفہ' دیتے ہوئے لوڈشیڈنگ کے دورانیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

روٹری کلب میرپورخاص کے زیراہتمام 79 ویں یومِ آزادی کی پروقار تقریب

تقریب ڈاکٹر فرحان اشرف خان کے کلینک، میں منعقد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فیصل سومرو اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس راجہ فروخ بطور مہمان خصوصی شریک

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) روٹری کلب آف میرپورخاص کے زیراہتمام پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے سلسلے میں ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب ڈاکٹر فرحان اشرف خان کے کلینک، میں منعقد کی گئی۔ تقریب میں مہمانانِ خصوصی کے طور پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میرپورخاص جناب فیصل سومرو اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس میرپورخاص جناب راجہ فروخ نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد قومی ترانہ بجایا گیا، جس کے احترام میں تمام شرکاء کھڑے رہے۔ روٹری کلب آف میرپورخاص کے صدر ڈاکٹر فرحان اشرف خان اور سیکریٹری نیول کشور نے تمام روٹیرینز، اراکینِ کلب اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی۔ بعد ازاں مہمانانِ خصوصی اور روٹری کلب کے عہدیداران نے جشنِ آزادی کی مناسبت سے تیار کردہ کیک کاٹا اور "پاکستان زندہ باد" کے نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر صدر روٹری کلب ڈاکٹر فرحان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پاکستان بیت المال میرپورخاص کے زیراہتمام 79 ویں جشنِ آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب اجرک ہال میرپورخاص میں منعقد

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پاکستان بیت المال میرپورخاص کے زیراہتمام 79 ویں جشنِ آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب اجرک ہال میرپورخاص میں منعقد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

جیکب آباد میں جشن آزادی کی تقاریب وریلیاں، جمس میں کیک کاٹا گیا، ڈی سی اور ایس ایس پی نے پرچم کشائی کی

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں جشن آزادی کی تقاریب وریلیاں، جمس میں کیک کاٹا گیا، ڈی سی اور ایس ایس پی نے پرچم کشائی کی تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں جشن آزادی جوش وخروش سے منایا گیا، جمس ہسپتال میں جشن آزادی کی تقریب منعقد کی گئی، تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جس کے بعد قومی پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ بریگیڈیئر محمد زبیر شیخ (ر)، ڈائریکٹر جمس جیکب آباد نے قومی پرچم لہرایا، جس کے بعد تمام شرکاء نے انتہائی جوش وجذبے اور احترام کے ساتھ قومی ترانہ پیش کیا اور کیک بھی کاٹا گیا اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

شہید سورھیہ بادشاہ ایکشن کمیٹی عمرکوٹ یونٹ کا اہم اجلاس مرکزی چیئرمین عاجز منگی کی صدارت میں منعقد ہوا

کنری (نامہ نگار) شہید سورھیہ بادشاہ ایکشن کمیٹی عمرکوٹ یونٹ کا اہم اجلاس مرکزی چیئرمین عاجز منگی کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں تنظیم کی گزشتہ کارکردگی، نئی رکنیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ملک بھر کی طرح کنری میں 79 واں جشن آزادی جوش وجذبے اور شایان شان طریقے سے منایا گیا

کنری (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح کنری میں 79 واں جشن آزادی جوش وجذبے اور شایان شان طریقے سے منایا گیا، اس سلسلے میں ایم کیو ایم پاکستان ضلع عمرکوٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

انجمن غلام محمد رسول اللہ اور دستگیری ویلفیئر آرگنائزیشن میرپور خاص کے زیراہتمام عظیم الشان میلاد مصطفیٰ جلوس نکالا گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) انجمن غلام محمد رسول اللہ اور دستگیری ویلفیئر آرگنائزیشن میرپورخاص کے زیراہتمام آقا دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ کے جشن ولادت کی آمد کے حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

جشن آزادی پر میرپورخاص میں باکسنگ اور بیڈمنٹن چیمپئن شپ، نوجوان کھلاڑیوں کی بھرپور شرکت

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) جشنِ آزادی پر میرپورخاص میں باکسنگ اور بیڈمنٹن چیمپئن شپ، نوجوان کھلاڑیوں کی بھرپور شرکت تفصیلات کے مطابق جشنِ آزادی پاکستان کے سلسلے میں اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈپارٹمنٹ حکومتِ سندھ کے تعاون سے میرپورخاص میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

سپریم کورٹ کے حکم پر بند کی گئی پولیس لائن شاپنگ سینٹر کی دکانیں تقریباً ایک ماہ بعد دوبارہ کھلنے کے بعد دکانداروں کو ایک نئی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے حکم پر بند کی گئی پولیس لائن شاپنگ سینٹر کی دکانیں تقریباً ایک ماہ بعد دوبارہ کھلنے کے بعد دکانداروں کو ایک نئی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ گیا، دکانوں کی چھتوں پر موجود سولر کی تاریں، لائٹس کی تاریں اور انٹرنیٹ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

مدرسہ القرآن طالبات سیکشن میں 79 یومِ آزادی پاکستان کی پروقار تقریب، طالبات نے بھرپور جوش وخروش کا مظاہرہ کیا

جیکب آباد (نامہ نگار) مدرسہ القرآن طالبات سیکشن میں 79 یومِ آزادی پاکستان کی پروقار تقریب تفصیلات کے مطابق مدرس القرآن طالبات سیکشن کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی یومِ آزادی پاکستان کے سلسلے میں مدرسہ ہال میں ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طالبات نے بھرپور جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جس کی سعادت جویریہ حنیف نے حاصل کی، جبکہ نعتِ رسولِ مقبول ? عائشہ شاہد نے پیش کی۔ تقریب میں قومی ترانے کے مقابلے کا بھی انعقاد کیا گیا، جس میں ماریہ کریم بخش نے پہلی، دعا ذوالفقار نے دوسری جبکہ سید صبا پیرل شاہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر طالبات کی جانب سے ایک شاندار ٹیبلو بھی پیش کیا گیا، جسے شرکاء نے بے حد سراہا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جیکب آباد میں ڈاکو بے لگام، ایک ہی روز موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی وارداتیں، شہریوں کا سڑک بند کرکے احتجاج

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں ڈاکو بے لگام، ایک ہی روز موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی وارداتیں، شہریوں کا سڑک بند کرکے احتجاج تفصیلات کے مطابق شہر میں بدامنی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں نے شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار کردیا، آدم خان پہنور روڈ پر تین مسلح افراد شہری سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے، جبکہ بینظیر پارک میں چہل قدمی کے لیے آنے والے شہری کی موٹر سائیکل بھی چور لے اڑے۔ مسلسل وارداتوں کے خلاف شہریوں نے سڑک بند کرکے احتجاج کیا۔ گزشتہ شب آدم خان پہنور روڈ پر تین مسلح افراد نے باسط قریشی کو مبینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	387,517
سونا 24K۔(فی تولہ)	452,000
سونا 22K۔(10 گرام)	355,224
سونا 22K۔(فی تولہ)	414,440
چاندی۔(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)

ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

آزادی صحافت یا بیانیے کی جنگ؟

تحریر: احمد رضا میمن

آزادی صحافت کسی بھی مہذب معاشرے کی بنیادی قدر ہے، مگر اس آزادی کا تصور کبھی بھی ریاستی خودمختاری، قومی سلامتی اور قانونی ضابطوں سے بالاتر نہیں رہا۔ دنیا کا شاید ہی کوئی ایسا ملک ہو جہاں غیر ملکی صحافیوں کو بغیر کسی ضابطے، اجازت یا نگرانی کے حساس علاقوں، فوجی تنصیبات یا سرحدی علاقوں تک مکمل رسائی حاصل ہو۔ اس حقیقت کے باوجود جب پاکستان قومی سلامتی کے تقاضوں کے تحت غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے لیے قواعد و ضوابط نافذ کرتا ہے تو اسے فوراً آزادی؟ صحافت پر قدغن قرار دے دیا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ جو اقدامات دنیا کے دیگر ممالک میں معمول کی انتظامی روایت سمجھے جاتے ہیں، وہی پاکستان میں متنازع کیوں بنا دیے جاتے ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ ریاستی خودمختاری کا اصول بین الاقوامی نظام کی بنیاد ہے۔ ہر خودمختار ریاست کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنے قومی مفادات، سلامتی اور داخلی استحکام کو مدنظر رکھتے ہوئے غیر ملکی صحافیوں کی رجسٹریشن، منظوری، نقل و حرکت اور حساس مقامات تک رسائی کے لیے قواعد مرتب کرے۔ یہی اصول امریکہ، برطانیہ، بھارت، اسرائیل اور خلیجی ممالک سمیت دنیا کے متعدد ممالک میں نافذ العمل ہے۔ ان ممالک میں فوجی اڈوں، سرحدی علاقوں، حساس تنصیبات اور تنازعات سے متاثرہ خطوں میں رپورٹنگ کے لیے خصوصی اجازت درکار ہوتی ہے، جبکہ بعض مقامات پر مکمل پابندی بھی عائد ہوتی ہے۔ مگر جب پاکستان یہی طرزِ عمل اختیار کرتا ہے تو بین الاقوامی حلقوں میں اسے آزادی؟ اظہار کے خلاف اقدام قرار دینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ رویہ خود اس تنقید کی ساکھ پر سوال اٹھاتا ہے۔ اس معاملے کا دوسرا اہم پہلو بین الاقوامی بیانیہ سازی ہے۔ گزشتہ کئی برسوں سے پاکستان کے بارے میں شائع ہونے والی متعدد رپورٹس اور تجزیوں پر یہ اعتراض سامنے آتا رہا ہے کہ ان میں دہشت گردی کے خلاف ریاستی اقدامات پر تو تفصیلی تنقید کی جاتی ہے، مگر ان شدت پسند نیٹ ورکس، سرحد پار سہولت کاروں، مالی معاونت کے ذرائع اور بیرونی سرپرستی پر نسبتاً کم توجہ دی جاتی ہے جنہوں نے پاکستان کو دہائیوں تک دہشت گردی کی آگ میں جھونکے رکھا۔ نتیجتاً عالمی رائے عامہ کے سامنے ایک ایسا تاثر تشکیل پاتا ہے جس میں سکیورٹی اقدامات تو نمایاں دکھائی دیتے ہیں، مگر وہ خطرات اور حقائق پس منظر میں چلے جاتے ہیں جنہوں نے ان اقدامات کو ناگزیر بنایا۔ پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جنہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال انسانی، معاشی اور عسکری قربانیاں دی ہیں۔ ہزاروں شہریوں، قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں اور سکیورٹی فورسز کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تاکہ ملک میں امن بحال ہو سکے۔ ایسے میں اگر ریاست حساس معلومات، عسکری تنصیبات یا جاری سکیورٹی کارروائیوں کے حوالے سے محتاط پالیسی اختیار کرتی ہے تو اسے غیر معمولی اقدام نہیں بلکہ ایک ذمہ دار ریاستی رویہ سمجھا جانا چاہیے۔ دنیا بھر میں قومی سلامتی سے متعلق معلومات کے تحفظ کو قانونی اور اخلاقی جواز حاصل ہے، اور پاکستان اس اصول سے مستثنیٰ نہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ بعض بین الاقوامی حلقے پاکستان کے بارے میں خبر یا تجزیہ پیش کرتے وقت ایک ایسا زاویہ اختیار کرتے ہیں جس میں ہر انتظامی اقدام کو شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اگر یہی ضابطے کسی مغربی یا دیگر طاقتور ریاست میں نافذ ہوں تو انہیں قومی سلامتی کا لازمی تقاضا قرار دیا جاتا ہے، لیکن پاکستان کے معاملے میں انہیں جمہوری اقدار کے خلاف پیش کیا جاتا ہے۔ اس دوہرے معیار نے نہ صرف بین الاقوامی مباحث کی غیر جانبداری کو متاثر کیا ہے بلکہ آزادی؟ صحافت کے تصور کو بھی سیاسی مفادات کے تابع کرنے کا تاثر پیدا کیا ہے۔ یہ بھی تسلیم کرنا ضروری ہے کہ ذمہ دار صحافت صرف معلومات کے حصول کا نام نہیں بلکہ حقائق کے مکمل اور متوازن تناظر کو سامنے لانے کی ذمہ داری بھی ہے۔ اگر رپورٹنگ میں صرف ریاستی اقدامات کو نمایاں کیا جائے اور دہشت گردی، بیرونی مداخلت، غیر ریاستی عناصر اور سلامتی کو لاحق خطرات کو نظرانداز کردیا جائے تو ایسی رپورٹنگ مکمل تصویر پیش نہیں کرتی۔ صحافت کی اصل طاقت توازن، سیاق و سباق اور غیر جانب دارانہ تجزیے میں پوشیدہ ہے، نہ کہ منتخب حقائق کے ذریعے مخصوص بیانیہ تشکیل دینے میں۔ پاکستان کو بھی یقیناً ایک آزاد، ذمہ دار اور پیشہ ور صحافت کی ضرورت ہے، کیونکہ مضبوط میڈیا ہی ریاست اور معاشرے کے درمیان اعتماد کو فروغ دیتا ہے۔ تاہم آزادی؟ صحافت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ قومی سلامتی کے تقاضوں کو نظرانداز کردیا جائے یا دنیا کے ہر ملک کے لیے الگ الگ اصول اختیار کیے جائیں۔ اگر عالمی برادری واقعی آزادی؟ اظہار اور صحافتی آزادی کی علمبردار ہے تو اسے پاکستان سمیت تمام ریاستوں کے لیے ایک ہی معیار اپنانا ہوگا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کے بارے میں عالمی مباحثہ جذبات، سیاسی ترجیحات یا یک طرفہ تاثر سازی کے بجائے حقائق، بین الاقوامی اصولوں اور ریاستی خودمختاری کے احترام پر استوار ہو۔ تنقید یقیناً ہونی چاہیے، مگر وہ یکساں اصولوں کے تحت ہو۔ آزادی؟ صحافت کا دفاع اسی وقت معتبر ہوگا جب اس کے ساتھ ریاستی خودمختاری، قومی سلامتی اور حقائق پر مبنی متوازن رپورٹنگ کے اصولوں کا بھی یکساں احترام کیا جائے۔ بصورتِ دیگر یہ تاثر مزید مضبوط ہوگا کہ مسئلہ آزادی صحافت نہیں بلکہ پاکستان کے بارے میں ایک مخصوص بیانیے کو برقرار رکھنا ہے۔

☆☆☆

کیا ہم واقعی آزاد ہیں۔۔۔۔؟

از قلم: علیشبہ علی

ہر سال 14 اگست آتا ہے تو ایک سوال سوشل میڈیا پر گردش کرنے لگتا ہے کہ کیا ہم واقعی آزاد ہیں؟ کوئی اسے مہنگائی سے جوڑتا ہے، کوئی انصاف میں تاخیر سے، کوئی بدعنوانی سے اور کوئی انتظامی مسائل سے۔ یہ سوال بظاہر بہت سنجیدہ محسوس ہوتا ہے، لیکن اس کا جواب دینے سے پہلے آزادی، وطن اور نظام کے درمیان بنیادی فرق سمجھنا ضروری ہے۔ کسی ملک کے اندر موجود انتظامی کمزوری، کسی فرد کی بدعنوانی یا کسی ادارے کی غفلت کو اس ملک کی آزادی کا انکار قرار نہیں دیا جاسکتا۔ پاکستان ایک وطن، ایک سرزمین اور ایک خودمختار ریاست ہے؛ اس کے اندر موجود مسائل کسی فرد یا ادارے کے عمل کا نتیجہ ہوسکتے ہیں، مگر انہیں خود پاکستان کی شناخت قرار دینا درست نہیں۔

پاکستان 14 اگست 1947 کو ایک آزاد اور خودمختار ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ اس آزادی کے پیچھے صرف ایک سیاسی فیصلہ نہیں بلکہ ایک طویل جدوجہد، ہجرت، بے شمار قربانیاں اور ایک ایسی نسل کا خواب تھا جس نے اپنے سیاسی، تہذیبی اور مذہبی تشخص کے تحفظ کے لیے ایک آزاد وطن کا مطالبہ کیا۔ لاکھوں لوگوں نے اپنے گھر، زمینیں اور کاروبار چھوڑے، بے شمار خاندان بچھڑ گئے اور بہت سے لوگوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔ پاکستان اسی تاریخی قربانی کا نتیجہ ہے۔ اس لیے کسی سرکاری دفتر کی بدانتظامی، کسی اہلکار کی رشوت خوری یا کسی ادارے کی کوتاہی کی بنیاد پر پاکستان کی آزادی کو ہی سوالیہ نشان بنانا دراصل ان قربانیوں کی معنویت کو نظرانداز کرنا ہے۔

آزادی کا مطلب یہ نہیں کہ ایک ملک کے اندر ہر ادارہ کامل ہو، ہر فیصلہ فوری ہو اور ہر شہری کو زندگی کے ہر مرحلے پر کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ آزادی کا بنیادی مفہوم یہ ہے کہ ایک قوم اپنی سرزمین، اپنی سیاسی شناخت، اپنے اجتماعی مستقبل اور اپنے قومی فیصلوں کے بارے میں کسی بیرونی طاقت کی محکوم نہ ہو۔ پاکستان ایک خودمختار ریاست کی حیثیت سے اقوام متحدہ کا رکن ہے اور عالمی سطح پر اپنی الگ شناخت، سفارتی نمائندگی اور قومی اداروں کے ساتھ موجود ہے۔ پاکستان کا آئین بھی اسے ایک خودمختار اور آزاد ریاست کے طور پر تسلیم کرتا ہے۔

پاکستان کی آزادی صرف تاریخی حقیقت نہیں بلکہ ایک آئینی حقیقت بھی ہے۔ آئینِ پاکستان کے بنیادی اصولوں میں جمہوریت، آزادی، مساوات، رواداری اور سماجی انصاف شامل ہیں۔ آئین شہریوں کے بنیادی حقوق، قانون کے سامنے برابری، مذہبی آزادی اور قانونی تحفظ کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ آرٹیکل 20 شہریوں کو اپنے مذہب پر عمل، اس کی تبلیغ اور مذہبی اداروں کے انتظام کا حق دیتا ہے، جبکہ آرٹیکل 25 تمام شہریوں کی قانون کے سامنے برابری اور مساوی قانونی تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان کا آئینی ڈھانچہ خود شہری کو اپنے حقوق کے مطالبے کا راستہ فراہم کرتا ہے۔ اگر کوئی فرد یا اہلکار ان حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے تو سوال اس خلاف ورزی کرنے والے سے ہونا چاہیے، وطن سے نہیں۔

قائداعظم محمد علی جناح نے 11 اگست 1947 کو دستور ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ایک ایسے پاکستان کا تصور پیش کیا جہاں شہری اپنی عبادت گاہوں میں جانے کے لیے آزاد ہوں اور ریاست میں شہریوں کے درمیان امتیاز نہ ہو۔ یہ تصور اس بات کی بنیاد فراہم کرتا ہے کہ پاکستان کی آزادی صرف جغرافیائی خودمختاری نہیں بلکہ شہری وقار، مذہبی آزادی اور قانون کی حکمرانی کے لیے بھی ایک آئینی وعدہ ہے۔

یہاں ایک بنیادی فرق سمجھنا ضروری ہے کہ حکومت پاکستان نہیں ہے، کوئی افسر پاکستان نہیں ہے، کوئی سیاسی جماعت پاکستان نہیں ہے اور کسی ایک ادارے کی کارکردگی پاکستان کی مکمل تصویر نہیں ہے۔ حکومتیں آتی جاتی ہیں، عہدے دار تبدیل ہوتے ہیں، پالیسیاں بدلتی ہیں اور اداروں میں اصلاحات کی ضرورت پیدا ہوتی رہتی ہے، لیکن وطن اپنی جگہ قائم رہتا ہے۔ اگر کوئی سرکاری اہلکار رشوت لیتا ہے تو وہ ریاست کے قانون اور اپنے منصب کے تقاضوں کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ اگر کوئی ذمہ دار شخص اپنے فرائض میں غفلت برتتا ہے تو اس کا احتساب ہونا چاہیے۔ اگر کسی شہری کو انصاف نہیں ملتا تو انصاف کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ لیکن کسی فرد کے غلط عمل کا بوجھ پاکستان کے نام پر ڈال دینا انصاف نہیں۔

آزادی کی حقیقی قدر کو سمجھنے کے لیے کبھی کبھی اپنی سرحدوں سے باہر دیکھنا پڑتا ہے۔ غزہ کے حالات دنیا کے سامنے اس حقیقت کی ایک دردناک مثال ہیں کہ جب انسان اپنے سیاسی مستقبل، سرزمین اور سلامتی پر مکمل اختیار سے محروم ہوجائے تو آزادی کی قیمت کیا ہوتی ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی امور کے دفتر کے مطابق جولائی 2026 تک غزہ میں تقریباً 19 لاکھ افراد بے گھر ہوچکے تھے، جبکہ بنیادی خدمات، محفوظ پانی، طبی سہولیات اور محفوظ رہائش تک رسائی شدید متاثر تھی۔ وہاں رہنے والے خاندانوں کے لیے آزادی کوئی نظری بحث نہیں؛ یہ اپنے گھر میں محفوظ رہنے، اپنے بچوں کو زندہ رکھنے اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کا سوال ہے۔

یمن بھی ہمیں یہی سبق دیتا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق 2026 میں یمن میں 2 کروڑ 20 لاکھ سے زیادہ افراد کو انسانی امداد اور تحفظ کی ضرورت ہے، جبکہ 1 کروڑ 83 لاکھ افراد شدید غذائی عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں۔ تقریباً 52 لاکھ افراد اندرونِ ملک بے گھر ہیں اور ملک کے تقریباً 59 فیصد صحت کے مراکز ہی مکمل طور پر فعال ہیں۔ جب ایک ملک طویل جنگ اور سیاسی عدم استحکام کا شکار ہوجاتا ہے تو آزادی کا مفہوم صرف سیاسی اختیار تک محدود نہیں رہتا؛ خوراک، گھر، علاج، تعلیم، نقل و حرکت اور جان کا تحفظ بھی خطرے میں پڑ جاتا ہے۔

شام اور یوکرین کے حالات ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ خودمختاری اور قومی سلامتی محض کتابی اصطلاحات نہیں؛ جب کسی ریاست کی سرحدیں، ادارے اور دفاعی صلاحیت بیرونی جارحیت، طویل جنگ یا داخلی انتشار سے متاثر ہوں تو سب سے زیادہ نقصان عام شہری کو ہوتا ہے۔ جنوبی ایشیا میں بھی مذہبی آزادی کی صورتحال ہمیں آزادی کی قدر کا احساس دلاتی ہے؛ امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کی 2026 کی رپورٹ نے بھارت میں مذہبی اقلیتوں، خصوصاً مسلمانوں، کے خلاف تشدد، امتیازی قوانین، ہجومی تشدد اور مذہبی آزادی پر پابندیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ پاکستان کی آزادی کی قیمت صرف 1947 میں ادا نہیں ہوئی بلکہ اسے برقرار رکھنے کے لیے بھی نسلوں نے قربانیاں دیں؛ فروری 2026 میں وزیرِ دفاع خواجہ آصف کے مطابق گزشتہ پانچ برسوں میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

اشرف خان کی جانب سیہمانانِ خصوصی کو سندھ کی ثقافت اجرک کے تحائف پیش کیے گئے اور تمام شرکاء کو قومی پرچم کے بیجز لگائے گئے۔ روٹری کلب کی روایت کے مطابق تمام شرکاء میں پولیو کیپس تقسیم کی گئیں اور پولیو کے خاتمے کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فیصل سومرو نے کہا کہ 14 اگست تجدید عہد کا دن ہے، یہ آزاد وطن ہمیں لاکھوں قربانیوں کے بعد ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی تعمیر و ترقی میں سول سوسائٹی اور روٹری کلب جیسی فلاحی تنظیموں کا کردار انتہائی اہم ہے، روٹری کلب میر پور خاص جس طرح پولیو کے خاتمے اور فلاحی کاموں میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے وہ قابلِ تحسین ہے۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس راجہ فروخ نے اپنے خطاب میں کہا کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے، جس کی قدر ہمیں کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وطن سے محبت اور قانون کی پاسداری ہر شہری پر فرض ہے، امن و امان کے قیام کے لیے پولیس اور عوام کا تعاون بے حد ضروری ہے۔ انہوں نے روٹری کلب آف میر پور خاص کی خدمات کو سراہا۔ آخر میں روٹری کلب آف میر پور خاص کے صدر ڈاکٹر فرحان اشرف خان نے تقریب میں شرکت پر مہمانانِ خصوصی، تمام رو ٹیریز اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ روٹری کلب مستقبل میں بھی ملک و قوم کی خدمت اور پولیو کے مکمل خاتمے کے مشن کو جاری رکھے گا۔ تقریب کے آخر میں ملک کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

سے عظیم الشان میلاد مصطفیٰ جلوس نکالا گیا تفصیلات کے مطابق انجمن غلام محمد رسول اللہ اور دیگر ہی ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام نکالے گئے جلوس میں بڑوں سمیت بچوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی شرکائے جلوس ہاتھوں میں جھنڈے اور سبز پرچم اٹھائے درود و سلام کی صدائیں بلند کرتے رہے اور ''لبیک یارسول اللہ'' اور سرکار کی آمد مرحبا کے نعرے بھی لگاتے رہے اس موقع پر حافظ محمود احمد قادری، اظہر کریم جیلانی، آصف خان صابری، ملک محمود صابری، حافظ طارق، علامہ خالد سہروردی، علامہ مفتی محمد سلیم، محمد اعظم بروہی اور دیگر نے کہا کہ رسول اکرم کی ولادت باسعادت کائنات کے لیے سب سے بڑی نعمت ہے اور جشن میلاد منانا محبت رسول کا اظہار ہے اور ہمیں اپنی زندگیوں کو آپ کی تعلیمات کے مطابق گزارنے کا عہد کرنا چاہیے مقررین نے کہا کہ میلاد مصطفیٰ صرف ایک جشن نہیں بلکہ حضور نبی کریم کی محبت اور تعلیمات کو عام کرنے کا ذریعہ ہے کیونکہ رسول اللہ کی محبت ہی دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے اس موقع پر ملک و قوم کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد اور ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

ٹیبلو میں مدیحہ کریم بخش، آمنہ جنت، ہانیہ مصطفیٰ، مصباح محمد موسیٰ، مصباح بتول، کشف جاوید، حریم فاطمہ، اسما چاچڑ، طیبہ نور احمد، طیبہ ظہور احمد، دعا شاہ، سیدہ شاہ، شاہ، خدیجہ سومرو، رباب شیخ اور اولالکہ میرانی نے حصہ لیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مدرس القرآن طالبات سیکشن کی پرنسپل شاہدہ اعجاز نے کہا کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے۔ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا ایک اسلامی ملک اور اسلام کا قلعہ ہے، جبکہ پاکستان اسلامی دنیا کی واحد ایٹمی قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیامِ پاکستان علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کے خواب اور قائداعظم محمد علی جناح کی بے لوث اور انتھک جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور اسلام و پاکستان ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ پاکستان ہماری شان، آن اور مان ہے۔ انہوں نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر کسی نے وطن عزیز کو میلی آنکھ سے دیکھا تو پاکستانی قوم اس کا منہ توڑ جواب دینا جانتی ہے۔ یومِ آزادی کی اس تقریب کے ذریعے ہم دنیا کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ ہمارا تن، من اور دھن وطنِ عزیز پاکستان پر قربان ہے۔ تقریب میں تمام طالبات نے اپنی مدر آپ کے تحت ریفریشمنٹ کا بھی انتظام کیا، جبکہ اساتذہ بشریٰ صالح محمد، جویریہ حنیف کھوسو اور سابقہ طالبات سمیت بڑی تعداد میں طالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف اوٹیٹس میں حصہ لینے والی طالبات اور شریک سابقہ طالبات کو مدرسہ انتظامیہ کی جانب سے تحائف بھی پیش کیے گئے۔ تقریب میں یومِ آزادی کے حوالے سے کوئز مقابلے کا بھی اہتمام کیا گیا، جنہیں عالمہ حلیمہ حنیف کھوسو نے کنڈکٹ کیا، جبکہ نظامت کے فرائض بے نظیر میرانی نے انجام دیے۔ تقریب کے اختتام پر عالمہ استاد شاہزیب شاہد نے خصوصی دعا کرائی، جس میں ملک و قوم کی سلامتی، استحکام، خوشحالی اور ترقی کے لیے دعائیں کی گئیں۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

باکسنگ اور بیڈمنٹن چیمپئن شپ کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں مرد و خواتین سمیت بڑی تعداد میں کھلاڑیوں اور کھیلوں کے شائقین نے شرکت کی گاما اسٹیڈیم میں منعقدہ باکسنگ مقابلوں میں میر پور خاص کے مختلف کلبوں کے باکسرز نے حصہ لیا جبکہ خواتین باکسرز نے بھی مختلف کیٹیگریز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا باکسنگ مقابلوں میں بوائز کلاس کے ارسلان حمزہ، ذاکر خان نے احمد، امین نے عبداللہ، عبداللہ بلوچ نے بالاج اور قیصر نے مبشر کو شکست دی جبکہ یوتھ کلاس فیمیل میں وردہ نے بینظیر بلوچ، عائزہ نے زرمین، فاطمہ بلوچ نے بھوانی، عائشہ بلوچ نے برکہ کماری اور سونیا نے دیپا کو شکست دے کر کامیابی حاصل کی کئی گھنٹوں تک جاری رہنے والے مقابلے شائقین نے بھرپور جوش و خروش سے دیکھے اسی طرح میر پور خاص بیڈمنٹن ایسوی ایشن اور اسپورٹس ایڈ یوتھ افیئرز ڈپارٹمنٹ کے زیر اہتمام بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں میر پور خاص سمیت مختلف علاقوں کی 20 ٹیموں نے شرکت کی جبکہ ٹنڈو الہیار کی ٹیم بھی شریک ہوئی فائنل میں میر پور خاص کے عتیق احمد اور اکبر علی نے ٹنڈو الہیار کے سیف اللہ اور ایان کو شکست دے کر چیمپئن شپ کی ٹرافی اپنے نام کرلی تقریبات میں ڈپٹی کمشنر سمیر انفاری، اسسٹنٹ کمشنر غلام حسین کانیہ، صدر انجمن تاجران انیس الرحمٰن شیخ، جنرل سیکریٹری امین میمن، سابق ایم پی اے ڈاکٹر ظفر کمالی، کنٹرولر میر پور خاص بورڈ حسن نوہری، ملک محمود صابری، سلیم خان، عبدالسلیم خان اور صدر میر پور خاص ڈویژنل بیڈمنٹن ایسوی ایشن شاہ رخ خان سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کر کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر میر پور خاص واشدیو ماٹھی اور ڈسٹرکٹ باکسنگ ایسوی ایشن کے سیکریٹری محمد سلیم بلوچ سمیت منتظمین نے مہمانانِ خصوصی کا استقبال کیا اختتام پر مہمانانِ خصوصی نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں میڈلز اور ٹرافیاں تقسیم کیں اس موقع پر مقررین نے کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کرنے اور نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانے کے لیے ایسی سرگرمیوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

میں مزید 2 گھنٹے کا اضافہ کر دیا ہے۔ سیپکو نے شہر میں 12 سے 18 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کا نیا شیڈول جاری کر دیا ہے، جس کے تحت کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی نام نہاد کر دی گئی ہے۔ سیپکو کے جاری کردہ نئے ظالمانہ شیڈول کے مطابق سٹی ٹو، شاہ لطیف اور شہباز فیڈرز: ان گنجان آباد شہری علاقوں میں سیپکو نے 24 گھنٹوں میں سے صرف 4 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جیکب آباد کے شہریوں اور تجارتی حلقوں نے اس فیصلے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل کر شدید احتجاج کیا ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ یہ کچا سالن ڈگری کی قیامت خیز گرمی اور شدید حبس میں نوزائیدہ بچوں، بزرگوں اور بیماروں کا جینا دوبرھ کر دیا گیا ہے۔ مظاہرین اور شہریوں نے سیپکو انتظامیہ کے دوہرے معیار کو ننگا کرتے ہوئے سنگین الزامات عائد کیے ہیں کہ جو بااثر افراد اور مافیا سیپکو عملے کے ساتھ مل کر ماہانہ لاکھوں روپے کی بجلی چوری کر رہے ہیں، انہیں چار چار فیڈرز سے ڈائریکٹ لائنیں دے کر 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی دی جا رہی ہے۔ دوسری جانب جو غریب شہری شدید مہنگائی میں بھی ہر ماہ باقاعدگی سے بھاری بجلی کے بل ادا کرتے ہیں، انہیں اس ہولناک گرمی میں تڑپانے کے لیے 18 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیلنا پڑ رہا ہے۔ جیکب آباد کی تمام سیاسی، سماجی اور شہری تنظیموں نے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، وزیر توانائی اور چیئرمین نیپرا سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ جسٹن آزادی کے موقع پر شائع کردہ سیپکو کے اس ظالمانہ شیڈول کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے۔ جیکب آباد میں 18 گھنٹے کی غلیظ لوڈشیڈنگ ختم کر کے باقاعدگی سے بجلی کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔ بااثر بجلی چوروں کے ساتھ گٹھ جوڑ کرنے والے سیپکو افسران اور عملے کے خلاف فوری نیب اور ایف آئی اے کے ذریعے کارروائی کی جائے

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

وائرز غائب پائی گئیں جس پر دکانداروں اور ٹیلی ممبران میں تشویش پائی جاتی ہے دکانداروں کے مطابق دکانیں بند رہنے کے بعد جب دوبارہ کھولی گئیں تو چھتوں کا جائزہ لینے پر معلوم ہوا کہ وہاں موجود متعدد تاریں غائب ہیں جبران کن امر یہ ہے کہ چھت پر جانے والے سیڑھی کے گیٹ پر تالا لگا ہوا تھا اس کے باوجود چھت سے سامان غائب ہونا کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے دکانداروں کا کہنا ہے کہ یہ سامان کس نے اتارا یا چوری کیا اس حوالے سے تاحال کوئی معلومات سامنے نہیں آسکیں دکانداروں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اگر سولر پلیٹس فریم کے ساتھ مضبوطی سے نصب نہ ہوتیں تو ممکنہ طور پر وہ بھی چوری ہو جاتیں انہوں نے کہا کہ پہلے ہی طویل عرصے تک دکانیں بند رہنے کے باعث انہیں بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے جبکہ دکانیں کھلنے کے بعد یہ نئی صورتحال مزید پریشانی کا باعث بن گئی ہے دکانداروں اور کمیٹی ممبران نے متعلقہ ائن آفیسر اور ذمہ دار حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی فوری اور مکمل تحقیقات کرائی جائیں غائب ہونے والے سامان کا سراغ لگایا جائے ذمہ دار افراد کا تعین کر کے کارروائی کی جائے اور پولیس لائن کی دکانوں اور ان کی چھتوں کی سکیورٹی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

طور پر اسلحے کے زور پر روک لیا اور اس سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ واردات کے بعد متاثرہ شہری اور علاقہ مکینوں میں شدید غم و غصہ پھیل گیا۔ ڈکیتی کی واردات کے خلاف متاثرین اور شہریوں نے شہید اللہ بخش پارک کے قریب سڑک بند کر کے احتجاج کیا، جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ شہر میں چور اور ڈاکو آزاد گھوم رہے ہیں جبکہ شہری اپنی موٹر سائیکل، موبائل اور قیمتی سامان محفوظ رکھنے سے بھی قاصر ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ پولیس فوری طور پر موٹر سائیکل چھیننے والے مسلح ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کرے اور شہر میں موثر گشت اور سیکیورٹی کا نظام بحال کیا جائے۔ دوسری جانب سول لائن تھانے کی حدود بینظیر پارک میں بھی شہری موٹر سائیکل چوری کی واردات کا شکار ہو گیا۔ چہل قدمی کے لیے پارک آنے والے الطاف مغیری کی موٹر سائیکل نامعلوم چور مبینہ طور پر چوری کر کے فرار ہو گئے۔ ایک جانب دن دہاڑے مسلح افراد شہری کو لوٹ کر فرار ہو رہے ہیں تو دوسری جانب عوامی تفریحی مقامات بھی موٹر سائیکل چوروں سے محفوظ نہیں رہے۔ شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر پارک اور مرکزی سڑکوں پر بھی شہری محفوظ نہیں تو پولیس کا گشت اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کا

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

کے انچارج حاجی محمد قاسم بھٹی، جوائنٹ انچارج ذوالفقار بھٹی، ڈسٹرکٹ ممبر عبدالکریم قائم خانی نے کارکنان کے ہمراہ اللہ چوک پر پرچم کشائی کی اور جشن آزادی کا کیک کاٹا، اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے حاجی محمد قاسم بھٹی اور ذوالفقار بھٹی نے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کے نتیجے میں وجود میں آیا، ہمیں وطنِ عزیز کی ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جشنِ آزادی صرف خوشی منانے کا دن نہیں بلکہ ملک سے وفاداری اور قومی ذمہ داریوں کو یاد کرنے کا موقع بھی ہے۔ انہوں نے پاکستان کے 25 کروڑ عوام ماہ اگست تجدید عہد کرتے ہوئے وطن سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں، جشن آزادی کی بوشان میں منعقدہ ایک اور تقریب میں نیو سندھ فرٹیلائزر شاپ پر سابق ایم پی اے ڈاکٹر دوست محمد میمن، معروف سماجی رہنما حاجی نثار آرائیں نے نیو سندھ فرٹیلائزر کے پروپرائٹر ارشد لیاقت، ڈسٹرکٹ کونسل ممبر فقیر گل حسن خاصخیلی اور بوشان کے مکینوں کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور جشن آزادی کا کیک کاٹا، اس موقع پر ڈاکٹر دوست محمد میمن اور حاجی نثار آرائیں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نے کہا کہ پاکستان ایک عظیم نعمت ہے جو ہمارے بزرگوں کی بے مثال جدوجہد، قربانیوں اور لازوال جدوجہد کے نتیجے میں وجود میں آیا۔ آزادی کی نعمت ہمیں لاکھوں شہداء ▯ کی قربانیوں کی یاد دلاتی ہے، جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے آنے والی نسلوں کے لیے ایک آزاد وطن حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان صرف ایک ملک نہیں بلکہ ہمارے بزرگوں کے خوابوں، قربانیوں اور امیدوں کی علامت ہے۔ آج کا دن ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے فرائض ایمانداری، محنت، دیانت اور قومی ذمہ داری کے جذبے کے ساتھ ادا کریں گے اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے غرباء ▯ میں امدادی رقوم کے لفافے بھی تقسیم کیے

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

سازی، آئندہ حکمت عملی اور سندھ کے موجودہ مسائل کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کے دوران گزشتہ سوا سال کی کارکردگی رپورٹ ضلعی ڈپٹی کمشنر شمس الدین منگریو نے پیش کی، جبکہ نئی تجاویز اور تنظیم کو مزید فعال بنانے کے حوالے سے ضلعی کنوینر علی رضا راجڑ نے اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر نئی رکنیت کے لیے کئی ساتھیوں نے فارم بھی پُر کیے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شہید سورھیہ بادشاہ ایکشن کمیٹی کے مرکزی چیئرمین عاجز منگی نے کہا کہ سندھ اس وقت مختلف مسائل، الجھنوں اور اختلافات کا شکار ہے، جن کا حل شہید سورھیہ بادشاہ کے فکر، جدوجہد اور 'وطن پہ کفن' کے جذبے میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سندھ کی نئی نسل شہید سورھیہ بادشاہ کی سوچ، جدوجہد اور دی گئی قربانیوں سے بڑی حد تک برائے نام واقف ہے۔ عاجز منگی نے مزید کہا کہ شہید سورھیہ بادشاہ کے فکر اور تاریخ کو نئی نسل تک پہنچانے کے ساتھ ساتھ سندھ کے عوام، خصوصاً نوجوانوں کو منظم اور متحرک کرنے کے لیے شہید سورھیہ بادشاہ ایکشن کمیٹی کے پلیٹ فارم سے جدوجہد کو مزید منظم کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر خیرل پہوڑ نے بھی شہید سورھیہ بادشاہ ایکشن کمیٹی کے جمہوری کردار، فکر و تنظیم کے مقاصد کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے حقوق، مسائل اور عوامی شعور کے لیے منظم جدوجہد کو مزید وسیع کرنے کی ضرورت ہے۔ اجلاس میں عبدالنبی بزدی، غلام نبی راجڑ، آصف کھکھرانی، فقیر محب منگریو، ایڈووکیٹ علی حسن منگریو، غلام مصطفیٰ مہر، رجب علی ساند، اظہیر سردار بھیو، غلام اسحاق منگریو سمیت بڑی تعداد میں ساتھیوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء نے تنظیم کو مزید فعال، منظم اور متحرک رکھنے، نئے ساتھیوں کو شامل کرنے اور طے شدہ آئندہ لائحہ عمل پر بھرپور انداز میں عملدرآمد کرنے کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

موقع پر رتن سنگھ، سیحی برادری سے ٹونی، پاسٹر منیر اور پاسٹر سرمد، ڈاکٹر پی۔ ایچ۔ کھرانہ سماجی کارکنان، کمیونٹی نمائندگان اور دیگر معزز شہری بھی موجود تھے اس موقع پر نمایاں کارکردگی، بھرپور شرکت اور خدمات کے اعتراف میں مستحق ملازمین اور بچوں میں تحائف اور اعزازات بھی تقسیم کیے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بریگیڈیئر محمد زبیر شیخ (ر)، ڈائریکٹر شمس نے تمام شرکاء کو یومِ آزادی کی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کا انحصار اتحاد، ایمان، نظم و ضبط، دیانت داری، خلوصِ نیت، محنت اور انسانیت کی خدمت پر ہے۔ انہوں نے بالخصوص شمس کے ڈاکٹرز، نرسز، پیرا میڈیکس اور تمام معاون عملے کی خدمات کو سراہا جو جیکب آباد اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ ڈائریکٹر شمس نے بین المذاہب ہم آہنگی، برداشت، اتحاد اور باہمی احترام کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے سکھ، سیحی اور ہندو برادریوں کے نمائندگان کی تقریب میں شرکت کو پاکستان کے رواداری، متحد اور کثیر المذاہب معاشرے کی خوبصورت عکاسی قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، خودمختاری، امن، خوشحالی اور مسلسل ترقی کے ساتھ ساتھ ملک کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں علاوہ ازیں ڈی سی آفیس کے لان میں منعقد تقریب میں ڈی سی شہزاد سامی، ایس ایس پی فیضان علی نے پرچم کشائی کی جبکہ پیپلز پارٹی شہید بھٹو، پاکستان محافظ فورم کی جانب سے ریلیاں نکالی گئیں

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

ہوئی، جس میں پاکستان بیت المال سویٹ ہوم، سکول برائے بحالی اطفالِ مزدور اور مرکز برائے بااختیار خواتین کے بچوں اور طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت سکول برائے بحالی اطفالِ مزدور کے طالب علم عبدالعلیم نے حاصل کی، جبکہ پاکستان بیت المال سویٹ ہوم کے سید مزمل حسین شاہ نے نعتِ رسولِ مقبول ؟ پیش کی۔ اس موقع پر قومی ترانہ بھی روایتی جوش و جذبے کے ساتھ پیش کیا گیا اس تقریب میں پاکستان بیت المال کی انتظامیہ اور مہمانانِ گرامی نے جشنِ آزادی کا کیک کاٹا۔ اس موقع پر کمشنر میر پور خاص شمشیر خان بھٹو، ڈی آئی جی میر پور خاص فیصل عبداللہ چاچڑ، ڈپٹی کمشنر نواب سمیر حسین لغاری، محمد بخش کھرل (روڑی/سول سوسائٹی فوکل پرسن)، فیصل خان زئی (صدر پرائیویٹ اسکولز ڈویژن میر پور خاص)، ایس آر پی او کی ڈائریکٹر زاہدہ پروین ڈھنہ؟ و اور سینئر پروگرام منیجر فاروق حیات سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ مہمانانِ گرامی نے پاکستان بیت المال کی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے بچوں کی جانب سے پیش کیے گئے پروگرامز کو قابلِ تحسین قرار دیا اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ کمشنر میر پور خاص کی جانب سے بچوں میں مٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں تقریب کے اختتام پر مختلف مقابلوں میں کامیاب ہونے والی ٹیموں کے درمیان ٹرافیاں اور میڈلز تقسیم کیے گئے۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

زندہ باد کے نعروں اور ملی نغموں سے گونجتی رہی جبکہ شہریوں نے قومی پرچم لہرا کر وطن سے محبت کا اظہار کیا۔ جشنِ آزادی کے موقع پر شہر کی اہم شاہراہوں، تجارتی مراکز، سرکاری و نجی اداروں اور رہائشی علاقوں میں سبز ہلالی پرچم اور جھنڈیاں لگائی گئی تھیں۔ متعدد عمارتوں پر برقی قمقموں سے چراغاں کیا گیا تھا جس کے باعث شہر کا منظر دلکش دکھائی دے رہا تھا۔ گھروں، دکانوں اور کاروباری مراکز پر بھی قومی پرچم لہراتے نظر آئے۔ یومِ آزادی کا آغاز نمازِ فجر کے بعد ملک کی سلامتی، ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے خصوصی دعاؤں سے ہوا تھا۔ مختلف مساجد میں ملکی سلامتی اور خوشحالی کے لیے دعائیں کی گئی تھیں۔ کراچی میں یوم آزادی کی مرکزی روایتی تقریبات میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر گارڈز کی تبدیلی کی پُروقار تقریب بھی منعقد ہوئی تھی جہاں پاکستان نیول اکیڈمی کے چاق و چوبند کیڈٹس نے اعزازی گارڈز کے فرائض سنبھالے تھے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں ٹاؤن میونسپل کارپوریشنز، سرکاری اداروں، تعلیمی اداروں اور دیگر تنظیموں کی جانب سے بھی یومِ آزادی کی تقریبات منعقد کی گئی تھیں۔ ان تقریبات میں پرچم کشائی، ملی نغموں، کیک کاٹنے اور بچوں کے مختلف پروگرامز کا اہتمام کیا گیا تھا۔ بچوں اور نوجوانوں نے سبز و سفید لباس پہن کر، ہاتھوں میں قومی پرچم اٹھا کر اور ملی نغمے گا کر جشنِ آزادی میں بھرپور شرکت کی تھی۔ شہری خاندانوں کے ہمراہ مختلف مقامات پر پہنچے اور قومی دن کی خوشیوں میں شریک ہوئے تھے۔ کراچی میں یوم آزادی کے موقع پر مجموعی طور پر قومی یکجہتی، حب الوطنی اور وطن سے محبت کے جذبات نمایاں رہے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ آزادی ایک عظیم نعمت ہے اور پاکستان کی ترقی، سلامتی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ہر

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے تمام شرکاء کو جشنِ آزادی کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان محض ایک ملک نہیں بلکہ ایک عظیم نظریے اور فکر کا نتیجہ ہے، جو قائداعظم محمد علی جناح کی انتھک جدوجہد کے نتیجے میں معرضِ وجود میں آیا۔ قیامِ پاکستان کے وقت لاکھوں افراد نے ہجرت کی اور آزاد وطن کے حصول کے لیے بے شمار قربانیاں دیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ آج ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ پاکستان کو مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے۔ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں، انہیں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے بھرپور محنت کرنا ہوگی اور خود کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی نوجوان مصنوعی ذہانت (AI) اور جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں دنیا کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر آگے بڑھیں۔ مستقبل کے معماروں کو حکمت، دانش اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ نوجوانوں کو ثبت، تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں کا حصہ بننا چاہیے۔ اخلاق کے بغیر ذہانت خطرہ بن جاتی ہے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاکستانی نوجوان علامہ اقبال ؟ کے شاہین ہیں اور انہیں بلند مقاصد کے حصول کے لیے بلند پروازی کرنا ہوگی۔ انہوں نے یومِ آزادی کے موقع پر افواجِ پاکستان کے بہادر جوانوں کو سلام اور شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہماری آزادی اور سلامتی کی ضامن ہیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے اور خطے سمیت پوری دنیا میں امن، استحکام اور خوشحالی کا فروغ چاہتا ہے۔ ہم جنگوں کے نہیں بلکہ امن، محبت، باہمی احترام اور صلح کے خواہاں ہیں۔ تقریب کے دوران گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے سعودی عرب اور ترکیہ کے قونصل جنرلز کے ہمراہ اسٹیج پر ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر مکہ معاہدے کو خراجِ تحسین پیش کیا اور مسلم امہ کے اتحاد و یکجہتی کے عزم کا اظہار کیا۔ بعدازاں گورنر سندھ نے سعودی عرب، ترکیہ، چین، امریکہ، کویت، بحرین، متحدہ عرب امارات، عراق، قطر، ویتنام اور دیگر ممالک کے قونصل جنرلز سمیت معزز مہمانانِ گرامی کے ہمراہ جشنِ آزادی کا کیک کاٹا۔ تقریب سے فرسٹ ویمن بینک کی صدر اکرم خاتون نے بھی خطاب کیا، جبکہ معروف مصنف، محقق، شاعر اور قائداعظم اکیڈمی کے سابق ڈائریکٹر خواجہ رضی حیدر نے قائداعظم محمد علی جناح؟ کی جدوجہد، فکر اور اصولوں پر حاضرین کو آگاہی فراہم کی۔ جشنِ آزادی کی تقریب میں معروف گلوکار ساحر علی بگا نے ملی نغموں پر شاندار پرفارمنس پیش کی، جبکہ لیاری کی معروف فنکارہ ایوا نے بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا اور حاضرین سے بھرپور داد وصول کی۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ گورنر ہاؤس سندھ میں جشنِ آزادی کی مناسبت سے شاندار آتش بازی کا بھی مظاہرہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

سے کسی ایسوی ایٹ پروفیسر کی پوسٹنگ متاثر نہیں ہو رہی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر نگہت شاہ نے کہا کہ گاما کالوجی کے مختلف یونٹس 2013ء ▯ سے بند تھے جبکہ جناح اسپتال میں 2022ء میں ایک بند یونٹ کا دوبارہ آغاز کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کے علاج کے ساتھ پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ اور ریسرچ بھی جاری ہے، ہمیں مزید ماہر ڈاکٹروں کی ضرورت ہے اور اہل ڈاکٹر کی تقرری پر انہیں کوئی اعتراض نہیں۔ ڈاکٹر نگہت شاہ کا کہنا ہے کہ میرا مقصد کسی دوسرے ڈاکٹر کی پوسٹنگ یا ترقی میں رکاوٹ بننا نہیں ہے۔ واضح رہے کہ جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی کے سینئر ایسوسی ایٹ پروفیسرز نے ڈاکٹر نگہت شاہ کی دوبارہ تقرری پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ سندھ و دیگر کو خط لکھا تھا۔ جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی کے سینئر ایسوسی ایٹ پروفیسرز نے ڈاکٹر نگہت شاہ کی دوبارہ تقرری پر تحفظات کا اظہار کیا تھا، متاثرہ پروفیسرز نے وزیرِ اعلیٰ سندھ، وزیرِ صحت سندھ اور وفاقی محتسب اعلیٰ کو خط ارسال کیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ پی ایم ڈی سی کے 19 مئی کے نوٹیفکیشن کے دوسرے پیراگراف کو نظر انداز کر دیا گیا ہے، ترقیوں کے منتظر 6 ایسوسی ایٹ پروفیسرز کی ترقیاں متاثر ہو رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

فی تولہ سونے کا دام 4 لاکھ 59 ہزار 936 روپے ہو گیا ہے۔ 10 گرام سونے کی قیمت میں بھی 429 روپے کمی کے بعد 10 گرام سونے کا بھاؤ 3 لاکھ 94 ہزار 320 روپے ہو گیا۔ دوسری جانب عالمی بازار میں بھی سونے کی قیمت میں کمی دیکھی گئی ہے۔ عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت 5 ڈالر زم ہو کر 4375 ڈالر فی اونس ہو گئی۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

میں اس 1 ہفتے میں 3.41 ارب شیئرز کے سودے 152 ارب روپے میں ہوئے۔ مارکیٹ کیپٹلائزیشن ہفتے بھر میں 107 ارب روپے ہو کر 20130 ارب روپے ہوگئی۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

کے حامل مجموعی طور پر 117 کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کا انعقاد دنیا ناظم آباد جمخانہ نے کیا جبکہ کراچی ٹینس ایسوی ایشن نے تکنیکی معاونت فراہم کی۔ مقابلوں میں میینز سنگلز، لیڈیز سنگلز، بوائز و گرلز انڈر 12 سنگلز، این این جی ممبرز بوائز و گرلز سنگلز، آئی ڈی ڈی ب

صوبے میں امن کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے، آئی جی سندھ

پی آر بی سی کے وفد اسد الرحمان، عاطف فاروقی، سہیل شمیم فرپوکی جاوید عالم اوڈھو سے خصوصی ملاقات

کراچی (بزنس رپورٹر) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے تاجروں، صنعتکاروں اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے محفوظ کاروباری ماحول فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی پر مبنی حالیہ اصلاحات کے باعث صوبے میں امن وامان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے یہ بات پاکستان–رومانیہ بزنس کونسل (پی آر بی سی) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات میں کہی جنہوں نے سینٹرل پولیس آفس کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

این بی پی نے 79 واں جشن آزادی ملی جوش وجذبے سے منایا

حقیقی آزادی کا مطلب ہر پاکستانی کے لیے معاشی خودمختاری اور مالیاتی شمولیت کو یقینی بنانا ہے، صدر رحمت علی حسنی

کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل بینک نے 79 واں جشن آزادی اپنے ہیڈ آفس میں ملی جوش وجذبے سے منایا۔ تقریب میں بینک کے صدر روسی ای اورحمت علی حسنی، سینئر انتظامیہ اور بینک کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے ملازمین نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز صدر روسی ای او کی جانب سے پرچم کشائی سے ہوا جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا اور کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رحمت حسنی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

نادرا ایگزیکٹو عائشہ منزل کا افتتاح، 4 ون ونڈو کاؤنٹرز قائم، عامر علی خان

رکن سندھ اسمبلی سید عادل عسکری، ٹاؤن چیئرمین نصرت اللہ بھی موجود، بزرگ شہریوں کیلئے بھی خصوصی کاؤنٹر قائم، 25 لاکھ شہری مستفید ہونگے

کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر کراچی میں نادرا ایگزیکٹو عائشہ منزل کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ نئے مرکز سے علاقے کے تقریباً 20 سے 25 لاکھ شہری مستفید ہوں گے۔ افتتاحی تقریب میں مہمان خصوصی کن سندھ اسمبلی سید عادل عسکری، ٹاؤن چیئرمین نصرت اللہ، ڈائریکٹر جنرل نادرا عامر علی خان اور ادرا کے دیگر افسران نے شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



رضوان احمد نے مزارِ قائد پر پھولوں کی چادر چڑھائی

سندھ پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین کے ہمراہ ارکان بھی موجود تھے

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ پبلک سروس کمیشن (ایس پی ایس سی) کے چیئرمین رضوان احمد نے کمیشن کے ارکان کے ہمراہ جمعرات کو مزارِ قائد کا دورہ کیا تاکہ پاکستان کے 79 ویں یومِ آزادی کے موقع پر بابائے قوم، قائدِ اعظم محمد علی جناح، کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا سکے۔ ایس پی ایس سی کے چیئرمین اور ارکان نے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور بانی پاکستان کی روح کے ایصالِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ٹیم آف روڈرز پاکستان کی جانب سے ممبرز اور ان کی فیملیز کیلئے فیسٹول کا انعقاد

ٹیم آف روڈرز پاکستان کی جانب سے تقریب میں نظم وضبط، محفوظ ڈرائیونگ اور قومی ذمہ داری کو بھی خصوصی اہمیت دی گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان کے 79 ویں یومِ آزادی کے موقع پر ٹیم آف روڈرز پاکستان کی جانب سے ممبرز اور ان کی فیملیز کے لئے 4x4 گاڑیوں میں ریلی اور فیملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

سیلانی ویلفیئر کے بانی مولانا بشیر فاروق کو ترکیہ میں حادثہ، زخمی ہوگئے

مولانا بشیر فاروق قادری کو نجی اسپتال منتقل کر دیا گیا، ڈاکٹروں نے فی الحال آپریشن موخر کر دیا

کراچی (این این آئی) سیلانی ویلفیئر کے بانی مولانا بشیر فاروق ترکیے میں پھسل کر گرنے سے زخمی ہوگئے۔ سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ کے بانی اور چیئرمین مولانا بشیر فاروق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی گورنر سندھ نہال ہاشمی کے ہمراہ مزار قائد پر حاضری

تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا، پاک نیوی کے چاک وچوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی، صوبائی کابینہ کے اراکین اور اعلیٰ سرکاری افسران کے ہمراہ جمعہ کو پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر مزار قائد پر حاضری دی جہاں انہوں نے قائداعظم محمد علی جناح کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا اور قوم پر زور دیا کہ وہ اتحاد، حب الوطنی اور قومی ترقی کے عزم کی تجدید کرے۔ یوم آزادی کی تقریب کا آغاز بانی پاکستان کے مزار پر باقاعدہ پرچم کشائی سے ہوا۔ گورنر سندھ اور وزیر اعلیٰ نے مشترکہ طور پر قومی پرچم لہرایا جبکہ پاکستان نیوی کے چاق وچوبند دستے نے سلامی اور گارڈ آف آنر پیش کیا۔ تقریب میں صوبائی وزراء، کابینہ کے اراکین اور اعلیٰ سول افسران نے شرکت کی۔ مزار قائد پہنچنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پی سی ہوٹل میں 79 ویں یوم آزادی کی تقریب کا انعقاد

جنرل منیجر کاشف ربانی نے قومی پرچم لہرایا، تقریب کو ایک پُر جوش اور یادگار رنگ بخشا گیا

کراچی (بزنس رپورٹر) پرل کانٹینینٹل ہوٹل کراچی میں پاکستان کی 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا موضوع پاکستان کا جشن ورثہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

کراچی: مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلے، ایک ملزم ہلاک، ایک زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) لانڈھی داؤد چورنگی کے قریب پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

کراچی: ناردرن بائی پاس کے قریب ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل پر سوار بیوی جاں بحق، شوہر شدید زخمی

کراچی (این این آئی) ناردرن بائی پاس افغان کٹ کے قریب ٹریفک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

معاشی ترقی راکٹ سائنس نہیں، ٹیکس نیٹ کو وسیع اور دگنا کرنا ہوگا، سعید غنی

محمد اکرام راجپوت، زبیر چھایا، زاہد سعید، مسعود نقی، جنید نقی، نعیم شیخ، گوہر خٹک، احتشام الدین بھی موجود، پرچم کشائی بھی کی گئی

کراچی (بزنس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت سندھ سعید غنی، کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، ڈپٹی چیئرمین ان چیف زبیر چھایا، کائیٹ لمیٹڈ کے چیئرمین زاہد سعید، سابق صدور و چیئرمین مسعود نقی، شیخ عمر ریحان، جنید نقی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

کمشنر کراچی حسن نقوی کا عیسائی دارالاطفال کا خصوصی دورہ

یتیم بچوں کو یوم آزادی تحائف تقسیم کئے، اسسٹنٹ کمشنر اقراء جنت، ڈائریکٹر اسپورٹس غلام محمد خان، اے سی جی وقاص عباسی اور میڈم جولی بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے کراچی کی تمام خواتین اسسٹنٹ کمشنرز کے ہمراہ کرسچن کمیونٹی کے دارالاطفال کا دورہ کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر اقراء جنت، ڈائریکٹر اسپورٹس غلام محمد خان، ACG وقاص عباسی، سینٹ جوزف کالج کی پرنسپل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سچل گراؤنڈ میں صفورا ٹاؤن کے جشن آزادی کے میوزیکل وکامیڈی پروگرام میں عوام کا سمندر امنڈ آیا، بہترین میوزیکل وکامیڈی پروگرام منعقد کرنے پر چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، عوامی تاثرات

کراچی (این این آئی) چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی کی جانب سے سچل گراؤنڈ میں جشن آزادی کے موقع پر میوزیکل وکامیڈی پروگرام میں عوام کا سمندر امڈ آیا، پروگرام میں بڑی تعداد نے شرکت کی اور معروف گلوکاروں اور کامیڈین کی پرفارمنسز پر انہیں داد تحسین دی جبکہ فنکاروں نے والے ثقافتی رقص، ٹیبلوز اور ملی نغمے بھی پیش کیے گئے، جنہیں حاضرین نے بھرپور داد دی۔ فنکاروں اور بچوں نے اپنی شاندار پرفارمنس کے ذریعے پاکستان کے ثقافتی تنوع اور خوبصورتی کو اجاگر کیا۔ تقریب میں پاکستان بزنس کونسل دبئی کے چیئرمین شبیر مرچنٹ، پاکستان بزنس کونسل شارجہ کے سینئر نائب چیئرمین سید سلیم اختر، پاکستان سوشل سینٹر کے ڈائریکٹر فراز احمد صدیقی، اقبال داؤد، نیشنل بینک کے ہیڈ آف مارکیٹنگ راشد السلام اور فیملیز نے بھرپور شرکت کی، اس موقع پر مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی اہم پاکستانی شخصیات اور تقریب میں شریک معزز مہمانوں کی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے اپنے وطن سے محبت کا اظہار کیا۔ تقریب نے متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے اتحاد، قومی جذبے اور اپنی ثقافت سے وابستگی کی خوبصورت عکاسی کی۔

☆☆☆☆

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

محمد سلیم کا 79 ویں جشن آزادی پر خراج تحسین: بابائے قوم کی لازوال میراث کو خراج عقیدت

کینیڈا کے شہر اوٹاوا میں پاکستانی ہائی کمیشن کی عمارت میں پرچم کشائی، قائد کے ویژن کیلئے حکومت عزم کا اعادہ کیا گیا

تقریب میں صدر پاکستان، وزیر اعظم اور نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ کے خصوصی پیغامات بھی پڑھ کر سنائے گئے

مونٹریال، ٹورنٹو اور وینکوور میں موجودہ تینوں قونصلیٹ جنرلز نے بھی سال بھر جاری رہنے والی تقریبات منائیں، حاضرین پرجوش

کراچی (بزنس رپورٹر) اوٹاوا میں پاکستان کے ہائی کمیشن اور مونٹریال، ٹورنٹو اور وینکوور میں موجود تینوں قونصلیٹ جنرلز نے آج پاکستان کا 80 واں یوم آزادی اور قائدِ اعظم محمد علی جناح کی 150 ویں سالگرہ کے سلسلہ میں سال بھر جاری رہنے والی تقریبات منائیں۔ ملک کی آزادی، قائدِ اعظم محمد علی جناح کے وژن اور پاکستانی قوم کے عزم واتحاد کا جشن منانے کے لیے اوٹاوا میں مشن کی عمارت (چانسری) میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر تقریب کے حاضرین کو صدرِ پاکستان، وزیرِ اعظم اور نائب وزیرِ اعظم/وزیرِ خارجہ کے خصوصی پیغامات پڑھ کر سنائے گئے۔ 80 ویں یومِ آزادی کی تقریبات کے ساتھ ساتھ قوم کے بانی قائدِ اعظم محمد علی جناح کی 150 ویں سالگرہ کے سلسلہ میں سال بھر جاری رہنے والی تقریبات کا بھی احاطہ کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء کو دستاویزی فلم دکھائی گئی جس میں ان کی زندگی، قیادت اور پاکستان کے لیے تاریخی جدوجہد کو اجاگر کیا گیا۔ ان کی زندگی کے اہم لمحات اور پاکستان کی تاریخ کے اہم سنگ میل کی عکاسی کرنے والی ایک ڈیجیٹل تصویری نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اپنے خطاب میں ہائی کمشنر محمد سلیم نے پاکستان کے 80 ویں یومِ آزادی کے پرمسرت موقع پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے قوم کے بانی قائدِ اعظم محمد علی جناح کی لازوال میراث کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور ایک پرامن، جمہوری اور خوشحال ملک کے حوالے سے قائد کے وژن کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ریاستوں کے مابین امن، بات چیت، تعاون اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے کینیڈا میں مقیم پاکستانی تارکینِ وطن کے عوامی سطح پر روابط کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار پر بھی روشنی ڈالی۔ یومِ آزادی کی اس تقریب میں گریٹر اوٹاوا کے علاقے سے پاکستانی برادری کے نمائندوں اور پاکستان کے خیر خواہوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ خاندانوں اور بالخصوص نوجوانوں کی پرجوش شرکت نے حب الوطنی کے مضبوط جذبے کی عکاسی کی۔ شرکاء نے ملک کے تحفظ اور قومی امنگوں کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کی مسلح افواج اور عوام کی بہادری اور قربانیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ بھی کیا کہ قائدِ اعظم کا 150 واں یومِ پیدائش نوجوان نسلوں کے لیے ان کے اصول، دور اندیشی اور پاکستان کے لیے ان کا وژن متاثر کن ہے۔

☆☆☆

پاکستان سوشل سینٹر شارجہ میں یومِ آزادی پر پروقار اور رنگارنگ جشنِ آزادی تقریب منعقد

تقریب میں قائم مقام قونصل جنرل فواد خان اور ویلفیئر اتاشی جنید مرتضیٰ نے خصوصی شرکت کی، کیک کٹنگ بھی کی گئی، ملی نغمے پیش

پاکستان سوشل سینٹر شارجہ کے صدر خالد حسین چوہدری، سید عقیل احمد اور ڈاکٹر ظفر طاہر نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان ہماری پہچان اور ہماری شان ہے

شبیر مرچنٹ، سید سلیم اختر، فراز احمد صدیقی، اقبال داؤد، نیشنل بینک کے ہیڈ آف مارکیٹنگ راشد السلام اور فیملیز نے بھرپور شرکت کی

شارجہ (حافظ زاہد علی) پاکستان سوشل سینٹر شارجہ میں یومِ آزادی کے موقع پر پروقار اور رنگارنگ جشنِ آزادی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستانی کمیونٹی کی بڑی تعداد نے کی۔ تقریب کے دوران ملی نغموں، سبز ہلالی پرچموں اور پاکستان کے مختلف ثقافتی رنگوں نے ماحول کو حب الوطنی کے جذبے سے سرشار کر دیا۔ تقریب میں قائم مقام قونصل جنرل فواد خان اور ویلفیئر اتاشی جنید مرتضیٰ نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے پاکستان کے یومِ آزادی کی خوشی میں خصوصی کیک کاٹا اور ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی۔ پاکستان سوشل سینٹر شارجہ کے صدر خالد حسین چوہدری، سید عقیل احمد اور ڈاکٹر ظفر طاہر نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان ہماری پہچان اور ہماری شان ہے۔ پاکستانی کمیونٹی نے جوش وجذبے کے ساتھ یومِ آزادی منا کر اپنی زندہ دلی، وطن سے محبت اور قومی یکجہتی کا بھرپور ثبوت دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خوشی کے اس موقع پر پاکستانی کمیونٹی کا بڑی تعداد میں ایک جگہ جمع ہونا نہایت خوش آئند اور قابلِ تحسین ہے۔ تقریب کے دوران پاکستان کے مختلف صوبوں اور ثقافتوں کی عکاسی کرنے